پریس ریلیز

## جنرل ہسپتال:سائیکا ٹری آؤٹ ڈور کی تزئین و آرائش ، پروفیسر الفرید ظفر نے افتتاح کیا

## انسانی خدمت کی اعلیٰ مثال قائم کرنے پر ڈاکٹرز کوخراج تحسین،مریضوں کیلئے سہولیات میں اضافہ

## شعبہ نفسیات میں ماہانہ دو ہزار مریض علاج کیلئے آتے ہیں: ڈاکٹر فائزہ اطہر

## دینی اقدار سے دوری ذہنی و نفسیاتی امراض کا ایک بڑا سبب ہے

## مریض پر سکون ماحول میں ڈاکٹرز سے رہنمائی حاصل کر سکیں گے: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور،فروری 03:......جنرل ہسپتال لاہور،شعبہ نفسیات کے ڈاکٹرز نے اپنی مدد آپ کے تحت سائیکا ٹری آؤٹ ڈور کی تزئین و آرائش (رینوویشن) مکمل کر کے انسانی خدمت کی اعلیٰ مثال قائم کر دی اوران اقدامات کے بعد آنے والے مریضوں کی سہولیات کو مزید بہتر بنا دیا گیا ہے۔ان خیالات کا اظہار پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے سائیکاٹری او پی ڈی کی افتتاحی تقریب کے بعد مریضوں کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ سائیکاٹری ڈاکٹر فائزہ اطہر،ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم ،ڈاکٹر رضوان،ڈاکٹر زاہد،ڈاکٹر انیلہ،ڈاکٹر فرحانہ،ڈاکٹر نادیہ،ڈاکٹر اُسامہ انیس سمیت دیگر ڈاکٹر زموجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اپنی گفتگو میں کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ کورونا و دیگر عوامل کے باعث نفسیاتی امراض میں اضافہ مشاہدے میں آیا ہے اورایل جی ایچ کے شعبہ سائیکاٹری آؤٹ ڈور میں ہر ماہ تقریبا دو ہزار مریض علاج معالجے کے لئے آرہے ہیں۔پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ ڈاکٹرز کے باہمی مالی تعاون سے آؤٹ ڈور کو نہ صرف رینوویٹ کیا گیا ہے بلکہ اس میں نئے کیبنز بھی بنا دیے گئے ہیں تا کہ تمام مریض با آسانی اپنے متعلقہ معالج کو پرائیویسی کے ساتھ اپنی نفسیاتی الجھنوں سے متعلق آگاہ کر کے رہنمائی حاصل کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ نفسیاتی امراض کو کم کرنے کے لئے لوگوں کو مکمل آگاہی، رہنمائی اور کونسلنگ بھی ضروری ہے تا کہ وہ اپنے معاملات کو احسن طریقے سے نمٹانے کے اہل ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ دینی اقدار سے دوری بھی ذہنی ونفسیاتی امراض کا ایک بڑا سبب ہے،ہمیں چاہیے کہ محض دنیا داری میں سارا وقت گزارنے کی بجائے اپنے مذہبی اقداراور دینی شعار پر عمل پیرا ہوں تا کہ ذہنی وقلبی سکون حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ "اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو سکون ملتا ہے"۔

پروفیسر الفرید ظفر نے ڈاکٹرز کی جانب سے کار خیر میں حصہ لینے پر انہیں مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مخلوق خدا کی خدمت ہی اصل عبادت ہے اور یہ معالج دیگر لوگوں کے لئے ایک ماڈل ہیں جس کی ہر شکل میں تقلید ہونی چاہیے۔انہوں نے تمام ڈاکٹرز کی کارکردگی کو سراہا اور بطور سربراہ انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆



پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال آؤٹ ڈور میں شعبہ سائیکائٹری کی تزئین و آرائش
مکمل ہونے پر افتتاح کے موقع پر دعا مانگ رہے ہیں